نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے باہمی تعاون سے زرعی منڈیوں کی ڈیجیٹائزیشن کیلئے تیار کردہ "مارکیٹ کمیٹیز مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم" کی لانچنگ تقریب کا لاہور میں انعقاد

صوبائی وزیر زراعت،صنعت وتوانائی پنجاب ایس ایم تنویر نے مارکیٹ کمیٹیز مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا افتتاح کر دیا

نئے نظام کو نتیجہ خیز اور کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے محنت اور لگن سے کام کرنا ہوگا:سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ

لاہور 19 اکتوبر 2023: زرعی منڈیوں کے نظام کو جدت لانے کیلئے مارکیٹ کمیٹیز مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا اجراء ایک انقلابی قدم ہے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت،صنعت وتوانائی ایس ایم تنویر نے محکمہ زراعت اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے باہمی تعاون سے زرعی منڈیوں کی ڈیجیٹائزیشن کیلئے تیار کردہ "مارکیٹ کمیٹیز مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم" کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔صوبائی وزیر زراعت ایس ایم تنویر نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی مارکیٹنگ کے نظام کو جدت کی طرف لانے کے لئے مارکیٹ کمیٹیز مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا اجراء انقلابی قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں زرعی منڈیوں کے ذریعے 2.9 ارب روپے کی سالانہ آمدن ہوتی ہے اس نئے نظام سے ٹیکس کی وصولی میں شفافیت آئے گی اور بلیک مارکیٹنگ کا خاتمہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جدید نظام سے زرعی منڈیوں کے ریکارڈ میں بھی شفافیت آئے گی۔ایس ایم تنویر نے کہا کہ دنیا بدل رہی ہے،آج ڈیجیٹلائزیشن کا دور ہے۔ہم اگر ڈیجیٹلائزیشن کی طرف نہ بڑھے تو بہت پیچھے رہ جائیں گے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے کہا کہ مارکیٹ کمیٹیز مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم سے زرعی مارکیٹنگ کے نظام میں انقلاب برپا ہوگا۔نئے نظام کو نتیجہ خیز اور کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے محنت اور لگن سے کام کرنا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ زرعی منڈیوں کی ڈیجیٹائزیشن کو پائلٹ فیز میں پانچ زرعی منڈیوں پر لاگو کیا گیا ہے اور اس نظام کو صوبہ پنجاب میں بتدریج مارکیٹوں پر لاگو کیا جائے گا۔سپیشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ کلثوم حئی نے بتایا کہ اس نظام کو ابتدائی طور پر کاہنہ،قصور،ننکانہ صاحب، رینالہ خورد اور شیخوپورہ کی منڈیوں پر لاگو کیا گیا ہے۔اس نظام کے ذریعے منڈیوں میں مال کی آمد، فیس کی وصولی اور تاجروں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹائزڈ کیا گیا ہے۔جائنٹ ڈائریکٹر پی آئی ٹی بی عثمان نصیر نے زرعی منڈیوں کے نئے نظام بارے بریفنگ دی۔مقامی ہوٹل میں منعقدہ افتتاحی تقریب میں سیکرٹری زراعت نادر چٹھہ،سپیشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ کلثوم حئی، ڈی جی پامرا طارق محمود، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور محکمہ زراعت کے افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆